# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

5 منٹ

- کہانی پڑھنے سے پہلے کلاس کو دلچسپ بنانے کے لئے ہلکے پھلکے انداز میں بچوں سے بات کریں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ اگر کلاس میں چوہا آ جائے تو وہ کیا کریں گے۔
  - بچوں کے ممکنہ جوابات یہ ہو سکتے ہیں:

    1) وہ ڈر جائیں گے۔
    2) کرسی پر چڑھ جائیں گے۔
    3) کلاس سے باہر نکلنے کی کوشش کریں گے۔

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک ایسی چوہیا کی کہانی پڑھیں گے جس کی سات دمیں تھیں۔
  - کہانی تاثرات سے پڑھ کر سنائیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ یہ کتاب مشہور ناول نگار بپسی سدھوا (Bapsi Sidhwa) نے لکھی ہے۔ بپسی سدھوا کراچی میں پیدا ہوئیں لیکن زیادہ تر زندگی لاہور میں گزاری۔ اب امریکہ میں رہتی ہیں۔ انہوں نے انگریزی کے کئی ناول لکھے ہیں۔ **سات دم والی چوہیا** بپسی سدھوا کی پہلی کتاب ہے جو انہوں نے چھوٹے بچوں کے لئے لکھی۔ انہوں نے بک گروپ کو اس کا اردو ترجمہ شائع کرنے کی اجازت دی۔

20 منٹ

- بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ پہلے کولم میں کتاب میں سے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کا انگریزی ترجمہ پوچھیں اور دوسرے کولم میں صحیح ترجمہ لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| اردو | English |
|---|---|
| سات | seven |
| چھوٹی / چھوٹا | small |
| دکان | shop |
| چاول | rice |
| رات | night |

| اردو | Englsih |
|---|---|
| دم | tail |
| خوش | happy |
| گھر | house |
| صابن | soap |
| کاغذ | paper |

| English | اردو |
|---|---|
| age | عمر |
| potato | آلو |
| stick | چھڑی |
| sad | اداس |
| stars | ستارے |

| English | اردو |
|---|---|
| cloth | کپڑا |
| birthday | سالگرہ |
| party | دعوت |
| gift | تحفہ |
| moon | چاند |

10 منٹ
- بچوں کو چوہے کے بارے میں زبانی معلومات بتائیں۔ بچوں سے بھی پوچھیں۔

## چوہے کی معلومات

- چوہے دنیا بھر میں پائے جاتے ہیں۔
- زیادہ تر چوہے کونے کھدرے میں اپنا گھر بناتے ہیں۔
- کچھ چوہے زمین کے اندر بل بنا کر رہتے ہیں۔
- بہت سے چوہے رات میں جاگتے ہیں۔
- چوہے 14 - 3 انچ لمبے ہوتے ہیں۔
- چوہے سفید (white)، بھورے (brown) اور سلیٹی (grey) رنگ کے ہوتے ہیں۔
- چوہے اناج، بیج، گھاس، پھل، جڑیں اور کیڑے مکوڑے کھاتے ہیں۔
- چوہے بہت چھوٹی جگہ سے بھی گزر سکتے ہیں۔

# سیشن 2

10 منٹ
- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔
- 10 - 8 بچوں سے باری باری پوچھیں کہ انہیں کہانی کیسی لگی۔

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • کہانی پڑھنے کے بعد بچوں سے نیچے دیئے ہوئے سوال زبانی پوچھیں۔<br>1) پرچون کی دکان کسے کہتے ہیں؟<br>2) چوہیا کا گھر پرچون کی دکان میں کیوں تھا؟<br>3) چوہیا کے گھر والے رات کا کھانا پیٹ بھر کر کیوں کھاتے تھے؟<br>4) چوہیا کی سالگرہ کوڑے دان میں کیوں ہوئی؟<br>5) آپ کے خیال میں چوہیا کا اسکول کھیت میں کیوں تھا؟ |
| 20 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ کاغذ پر چوہے کی تصویر بنائیں۔<br>- تصویر بنانے کے بعد چوہے کے مختلف حصوں کے نام لکھیں۔ مثلاً :<br>کان ناک دم پاؤں مونچھ<br>- بچوں سے کہیں کہ تصویر بنانے کے بعد چوہے کے بارے میں 7 - 5 جملے لکھیں۔ |

## گھر کا کام

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • امی ابو یا بہن بھائی کو گھر پر **سات دم والی چوہیا** پڑھ کر سنائیں۔ |

## سیشن 3

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔ |
| 15 منٹ | • بچوں سے باری باری پوچھیں کہ اگر ان کو جادو کی ایک چھڑی مل جائے تو وہ کیا بننا چاہیں گے یا کیا کرنا چاہیں گے اور کیوں؟ |
| 15 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ وہ ایک مضمون لکھیں جس کا عنوان ہو **اگر مجھے جادو کی چھڑی مل جائے تو . . .** |

- اگر سب بچے اپنا مضمون لکھ چکے ہوں تو چند سے ان کے مضمون سنیں۔ جو بچے کام ختم نہ کر سکیں ان سے کہیں کہ وہ باقی مضمون گھر سے ختم کر کے لائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے گھر کے پاس کسی پرچون کی دکان پر جائیں اور وہاں جو چیزیں بکتی ہیں ان میں سے کسی بھی 20 چیزوں کے نام لکھ کر لائیں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- بچوں کا گھر کا کام دیکھیں۔

- ہر بچے سے 2 - 1 چیزوں کے نام جو وہ لکھ کر لائیں ہیں زبانی پوچھیں۔

25 منٹ
- بچوں سے کتاب کے حوالے سے حساب کا زبانی کھیل کھیلیں۔

1) اگر 1 چوہیا کی سات دمیں ہیں تو 5 چوہیوں کی کتنی دمیں ہوں گی؟
2) اگر 1 چوہیا کی سات دمیں ہیں تو 100 چوہیوں کی کتنی دمیں ہوں گی؟
3) اگر 1 چوہیا کی ایک دم ہے تو 8 چوہیوں کی کتنی دمیں ہوں گی؟
4) اگر 100 چوہوں میں سے آدھی چوہیاں ہیں تو چوہے کتنے ہیں؟
5) اگر 1 چوہیا کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچنے میں 1 منٹ لگتا ہے تو 2 چوہیوں کو کتنا وقت لگے گا؟

## گھر کا کام

10 منٹ

- نیچے دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گھماتی | لہراتی | گیہوں | صابن | عمر |
| فیصلہ | جھاڑو | چھلانگیں | قصے | خاندان |
| تحفہ | چھڑی | کھیت | مہارت | مشکل |

# سیشن 5

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور دیئے گئے الفاظ سے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ

- املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ

- کتاب میں دیئے گئے الفاظ جن کی ضد ہو سکتی ہے چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کر ان کی صحیح ضد لکھیں۔

- بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| مزہ | بدمزہ |
| اندر | باہر |
| بڑا | چھوٹا |
| رات | دن |
| غائب | موجود |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| دیر | جلدی |
| خوش | اداس |
| سردی | گرمی |
| سوکھا | گیلا |
| مشکل | آسان |

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کسی بھی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگلے سیشن (سیشن 6) کے لئے سات دم والی چوہیا کی تصویر بڑے کاغذ پر بنا کر لائیں۔ تصویر اتنی بڑی ہو کہ کلاس میں poster کی طرح لگائی جا سکے۔ چوہیا کی تصویر اگلے صفحے پر دی گئی ہے۔

# سیشن 6


10 منٹ

- بچوں کو الفاظ کی زنجیر بنانا سکھائیں۔
  - پہلا لفظ بورڈ پر لکھیں مثلاً **کتاب**۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ اس کے آخری حرف سے نیا لفظ بتائیں مثلاً **بلی** اور بورڈ پر لکھیں۔
  - **بلی** کے آخری حرف سے بچوں سے ایک اور نیا لفظ اور اسی طرح بچوں سے پوچھ کر 10 - 8 نئے الفاظ سے زنجیر بنائیں۔ مثلاً:

    کتاب بلی یاد دکان ناک کیلا انار رانی وغیرہ۔

35 منٹ

- چوہیا کی ڈرائنگ سوفٹ بورڈ پر لگائیں اور اس کے پیٹ میں لفظ **چوہیا** لکھیں۔
  - بچوں کے 7 گروپ بنائیں۔
  - ہر گروپ سے کہیں کہ لفظ **چوہیا** سے الفاظ کی زنجیر بنانا شروع کریں۔
  - ہر گروپ 10 الفاظ کی زنجیر بنائے۔
  - بچے جب کام کر رہے ہوں تو ہر گروپ کے پاس جا کر بچوں کی مدد کریں۔
  - بچوں کو کاغذ کاٹ کر دیں اس طرح کہ وہ ہر کاغذ پر ایک لفظ لکھ سکیں۔
  - کاغذ پر لفظ لکھنے سے پہلے دیکھ لیں کہ الفاظ کے ہجے صحیح ہیں۔
  - الفاظ کی زنجیر جو بچوں نے کاغذ پر بنائی ہے انہیں چوہیا کی دم کی جگہ لگائیں۔
  - ہر گروپ کی الفاظ کی زنجیر سے سات دم والی چوہیا کی ایک دم بنے گی۔



# سات دم والی چوہیا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale